تنظیمِ اسلامی مرکزی شعبہ نشرواشاعت

K/36 ماڈل ٹاؤن لاہور-فون 3-042-35869501 -042-35856304 فیکس 042-35834000

E-mail: media@tanzeem.org, Website:www.tanzeem.org


تنظیم اسلامی

13 جولائی 2018ء

# پریس ریلیز

لاہور(پ ر) پاکستان کو اسلامی ریاست بنانے کے لیے ایک بھرپور عوامی تحریک ناگزیر ہے۔ یہ بات تنظیم اسلامی کے امیر حافظ عاکف سعید نے قرآن اکیڈمی لاہور میں خطبہ جمعہ کے دوران کہی۔ انہوں نے کہا کہ اسلام اور پاکستان لازم اور ملزوم ہیں۔ اسلام کے نفاذ کے بغیر پاکستان کے استحکام کا تصور خودفریبی ہے۔ ہماری اصل منزل وہ نظام ہے جو خلافت راشدہ کے دور میں قائم تھا۔ البتہ جب تک پاکستان حقیقی معنوں میں اسلامی ریاست نہیں بن جاتا ہماری رائے میں اس عبوری دور میں تمام دوسرے نظام ہائے حکومت کے مقابلے میں جمہوری طرز حکومت نسبتاً بہتر ہے۔ ہم نے ہمیشہ مارشل لاء کی مخالفت کی۔ لیکن یہ بھی ایک اٹل حقیقت ہے اور اس کی پشت پر تاریخ کی گواہی موجود ہے کہ نظام کبھی جمہوری طریقوں سے اور ووٹ کی بنیاد پر نہیں بدلے جاسکتے۔ تاریخ کے مطالعہ سے معلوم ہوتا ہے کہ خود جمہوریت ایک انقلاب کے نتیجہ میں قائم ہوئی۔ لہٰذا تنظیم اسلامی نے معرض وجود میں آتے ہی یہ اعلان کر دیا تھا کہ وہ صرف نظری سیاست میں حصہ لیتے ہوئے اپنی رائے کا اظہار کرتی رہے گی لیکن کبھی انتخابی سیاست میں قدم نہیں رکھے گی اور نہ ہی اپنے کارکنوں کو کسی قسم کے انتخابی عمل میں حصہ لینے کی اجازت دے گی۔ البتہ اپنے کارکنوں کو یہ ہدایت کرتی ہے کہ وہ ایسی جماعت کو ووٹ نہ دیں جس کے منشور میں کوئی ایک بات بھی خلاف اسلام ہو اور نہ وہ اس امیدوار کو ووٹ دے سکتے ہیں جو کسی فسق وفجور کا مرتکب ہو۔ ان دو شرائط پر پورا اُترنے والے ہر امیدوار کو ووٹ دینے کے لیے تنظیم کے رفقاء آزاد ہیں۔ ووٹ دینے کے لیے ان ہی شرائط کا ذکر بانی تنظیم اسلامی ڈاکٹر اسرار احمدؒ اور موجودہ امیر تنظیم حافظ عاکف سعید ہر فورم پر کرتے رہے ہیں۔ اور اس حوالے سے ملاقات کرنے والے ہر اُمیدوار پر واضح کرتے رہے ہیں۔ اس پر کسی جماعت کا یا کسی امیدوار کا یہ نتیجہ اخذ کر لینا کہ امیر تنظیم نے ان کی حمایت کی یقین دہانی کروادی ہے یہ ان کی رائے ہے۔ یہ واضح رہنا چاہیے کہ تنظیم اسلامی کسی بھی جماعت یا امیدوار کی خصوصی حمایت نہیں کرے گی۔ لہٰذا مذکورہ بالا شرائط پوری کرنے والی کسی جماعت اور کسی امیدوار کو بھی ووٹ دیا جاسکتا ہے۔


ایوب بیگ مرزا

(ایوب بیگ مرزا)

ناظم نشرواشاعت تنظیم اسلامی

0321-4893436


جاری کردہ

# TANZEEM E ISLAMI

**PRESS RELEASE: July 13, 2018**

## "A vigorous and nonviolent popular mass movement is indispensable to mould Pakistan into a genuine Islamic Welfare State."

### (Hafiz Aakif Saeed)

**Lahore (PR): "A vigorous and nonviolent popular mass movement is indispensable to mould Pakistan into a genuine Islamic Welfare State."**

This was stated by the Ameer of Tanzeem e Islami, **Hafiz Aakif Saeed**, during the Khitab e Jumu'ah at Qur'an Academy, Model Town, Lahore. The Ameer remarked that the example of Islam and Pakistan was like hand in glove. The dream of having a fortified and secure Pakistan without the Implementation of Islam was nothing short than self-delusion, he added. He noted that the ultimate destination of Tanzeem-e-Islami is to establish such a system of governance that was witnessed during the time of the *Khilafat-e-Rashidah* (The Righteous Caliphate). However, it is our considered opinion that during the "interim period", i.e., until Pakistan becomes a genuine Islamic Welfare State, the democratic form of government is relatively better than all other alternatives. The Ameer emphasized that Tanzeem-e-Islami had always opposed martial law and other forms of dictatorship. Having said that, the Ameer noted, that it was a truth, backed by a plethora of historical evidence, that Systems based on oppression (such as the prevalent one) can never be abolished through "democracy" and the "power of vote". In fact, he remarked, the study of history makes it clear that even "democracy" as a system of governance was established through a revolution! Therefore, the Ameer emphasized, that since its inception, Tanzeem-e-Islami had categorically declared that its role in the prevalent system of electoral politics would be limited to intellectual critique and opinion sharing only, and that neither would the organization ever practically take part in the prevalent form of electoral politics nor would it allow any of its *rufaqa* (members) to become part of the electoral process. Tanzeem-e-Islami has clear instructions prohibiting its members from:

**1)** Voting for any such political party that has included even a single clause in its manifesto that violates the principles of Islam,

**2)** Voting for any such electoral candidate who is involved in acts considered as sins, depravities and manifest wrongdoings in Islam.

The members of Tanzeem-e-Islami are free to vote for candidates that do not fall under the two categories of prohibition mentioned above, the Ameer clarified further. Both the founder of Tanzeem-e-Islami late Dr Israr Ahmad *(RAA)* and the current Ameer of the organization Hafiz Aakif Saeed have constantly been stating these two conditions at every forum without fail and this policy of Tanzeem-e-Islami has never changed by even a speck. Moreover, this official policy of Tanzeem-e-Islami has been openly conveyed to every person who has come to visit and meet them, including electoral candidates, be it in the past or the present. The Ameer remarked that if any political party or electoral candidate had misunderstood or construed this policy of Tanzeem-e-Islami as being synonymous to "backing or support" of their electoral campaign, then it was a mistaken belief on their own part and nothing more. Period. The Ameer categorically stated that it should to be plain and clear to everyone that Tanzeem-e-Islami would neither back nor support any particular political party or electoral candidate in an exclusive form or manner. He concluded by reiterating that the members of Tanzeem-e-Islami are generally free to vote for any political party or electoral candidate that meets the aforementioned two preconditions, as part of the organization's official policy.

**Issued by**
**Ayub Baig Mirza**
**Nazim of Press and Publications Section**
**Tanzeem e Islami, Pakistan**